P-341

MRD-12th 26052025 (A-I)

کل نمبرات:100

اردو لازمی (سالِ دوم)

3 گھنٹے

VERSION: A

پرچے کے تین حصے بالترتیب الف، ب، اور ج ہیں۔

ہدایات:-
- اس حصے کو صرف دیئے گئے MCQs Answer Sheet پر حل کریں۔
- ہر سوال کے صحیح جواب کیلئے متعلقہ دائرہ کو کالے رنگ کے بال پوائنٹ یا مارکر سے رنگ دیں۔
- کاٹ کر، مٹا کر، دوبارہ لکھے ہوئے یا ایک سے زائد دائروں کو پر کرنے پر کوئی نمبر نہیں ملے گا۔

20 منٹ

نمبرات:20

"حصہ الف"

سوال نمبر 1: A, B, C اور D میں صحیح جواب کا انتخاب کریں۔

1. مغرب میں ______ کو عقلمندی کی علامت سمجھا جاتا ہے۔
(●) الو (B) گدھے (C) شاہین (D) شیر

2. وہ الفاظ جو تحریر میں یکساں ہوں لیکن اعراب میں فرق ہو ______ کہلاتے ہیں۔
(A) تجنیس تام (B) تجنیس عام (●) تجنیس محرف (D) تجنیس تضاد

3. جس نظم میں قافیہ ردیف کی پابندی نہیں ہوتی مگر وزن اور بحر کی پابندی لازمی ہو کہلاتی ہے۔
(A) سانیٹ (B) پابند نظم (●) معریٰ نظم (D) ترجیع بند

4. اشفاق احمد کی اہلیہ ______ اردو کی مشہور ناول نگار ہے۔
(A) خدیجہ مستور (●) بانو قدسیہ (C) ہاجرہ مسرور (D) الطاف فاطمہ

5. عبداللہ ______ کہانی کا کردار ہے۔
(A) کنڈکٹر (●) سیاہ فام (C) ہمیں (D) منظور

6. علم کے معنی معلومات ہیں جبکہ عَلم کے معنی ہیں - Uqrc-15168
(A) دنیا (B) گھوڑی (●) جھنڈا (D) شمر

7. کپاس کا پھول اور نیلا پتھر ______ کے افسانے ہیں۔
(●) احمد ندیم قاسمی (B) غلام عباس (C) سعادت حسن منٹو (D) شوکت صدیقی

8. سقراط کی رائے میں ______ ہی ایک عیش ہے۔
(A) دولت (B) شہرت (●) کتب بینی (D) دور بینی

9. شبلی کا سب سے بڑا کارنامہ ہے۔
(A) الفاروق (B) تاریخ اسلام (C) الغزالی (●) سیرت النبی ﷺ

10. مغل خاندان ______ کی نسل سے تھا۔
(A) ترک (B) محمود غزنوی (●) چنگیز خان (D) محمد بن قاسم

11. تیرگی چھوڑ گئے دل میں اجالے کی طرح: اس مصرع میں صنعت ______ مستعمل ہے۔
(A) سیاقۃ الاعداد (●) تضاد (C) تنسیق (D) تشبیہ

12. کیسی ویراں ہے گزرگاہِ خیال: اس مصرعہ میں مرکب ______ مستعمل ہے۔
(A) توصیفی (B) عطفی (C) جاری (●) اضافی

13. اپنی شاعری اور انسان دوست خیالات کی وجہ سے لینن امن ایوارڈ ملا۔
(A) علامہ اقبال (●) فیض احمد فیض (C) احمد ندیم قاسمی (D) شہزاد احمد

14. غزل کے لغوی معنی ہیں۔
(A) پرونا (B) ترتیب دینا (●) کاتنا (D) عشق و حسن

15. بقول علامہ اقبال: محبت کا اولین درس ہے۔
(A) عشق و جنوں (B) قربانی (●) ادب (D) وفاداری

16. نظم تعمیر عمل کے ہر بند میں ______ مصرعے ہیں۔
(A) تین (B) چار (●) پانچ (D) چھ

17. یہ صنف شاعری مغرب سے اردو میں آئی - Uqrc-15168
(A) نظم (B) غزل (C) مسدس (●) سانیٹ

18. وہ الفاظ جو فعل کی کیفیت یا حالت میں تھوڑی سی کمی بیشی کرتے ہیں۔
(●) متعلق فعل (B) تمیزی فعل (C) غیر متعلق فعل (D) کیفیاتی فعل

19. وتر عشاء کی نماز کی رکعات ہیں۔ جبکہ وتر ______ کو کہتے ہیں۔
(A) مثلث کا حصہ (●) مستطیل کا حصہ (C) قد (D) نہر

20. سنجیدہ گفتگو میں بھی ان کی رگِ ظرافت ______ اٹھتی، روزمرہ کے مطابق درست کا انتخاب کریں۔
(A) بھڑک (●) پھڑک (C) جاگ (D) چہر

tayarri.com

P-342

MRD-12TH 26052025 (A-1)

کل وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

اردو لازمی (سال دوم)

کل نمبرات: 80

"حصہ ب"

نمبرات: 50

سوال نمبر2۔ درج ذیل سوالات میں سے صرف دس (10) کے جوابات تحریر کریں۔ نیز تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں:-

i- محاورہ کی تعریف کریں۔ نیز کوئی سے چار محاورے لکھیں۔

ii- اسمی جملہ کی تعریف کریں۔ اور اس میں استعمال ہونے والے حروف سے چار جملے بنائیں۔

iii- علامہ اقبال کے ہاں ہونے والی محفلوں کا حال لکھیں۔

iv- مولوی وحید الدین اور فرحت اللہ کی ملاقات کب اور کیسے ہوئی؟

v- کہانی کنڈکٹر کے حوالے سے لالو کے کردار پر روشنی ڈالیں۔

vi- ماسٹر الیاس کا کیا انجام ہوا۔ بیزان کے مرنے کے بعد لوگوں نے کیا طرز عمل اپنایا۔

vii- افسانہ کی تعریف کریں۔ اور ایک اچھے افسانے کی تین خصوصیات بیان کریں۔

viii- کتبہ کا خلاصہ لکھیں۔ - Uqrc-15168

ix- رابطہ کی علامت کو استعمال کرتے ہوئے پانچ جملے تحریر کریں۔

x- مسلمانوں کے تیسرے دور تعلیم میں پیدا ہونے والی پانچ خرابیاں بیان کریں۔

xi- صنعت تلمیح سے کیا مراد ہے؟ نیز تین ایسے اشعار مثال میں پیش کریں۔ جن میں تلمیحات استعمال ہوئی ہوں۔

xii- نظم "ستارے" کا مرکزی خیال پانچ جملوں میں تحریر کریں۔

xiii- امتی نبی کریم ﷺ کی رسوائی کا کیسے باعث بنتے ہیں؟ شاعر اور نظم کے حوالے سے جواب دیں۔

"حصہ ج"

نمبرات: 30

سوال نمبر3۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک جزو کی تشریح بحوالہ متن اور سیاق وسباق کیجئے :۔ Uqrc-15168

جزو الف۔ جب انگریزی توپوں اور سنگینوں نے، ہمارے ہاتھ سے تلوار چھین لی، تاج سر سے اتار لیا۔ تخت پر قبضہ کر لیا۔ شہر میں آتشناک گولیوں کا مینہ برس چکا۔ سات پردوں میں رہنے والیاں، بے چادر ہو کر بازار میں اپنے وارثوں کی تڑپتی لاشوں کو دیکھنے نکل آئیں۔ چھوٹے بن باپ کے بچے ابا ابا پکارتے ہوئے بے یارومددگار پھرنے لگے۔ حضور ظل سبحانی جن پر ہم سب کا سہارا تھا۔ قلعہ چھوڑ کر باہر نکل گئے۔ اس وقت میں نے بھی اپنی بوڑھی والدہ کمسن بہن اور بیوی کو ساتھ لے کر اور اجڑے قافلہ کا سالار بن کر گھر سے کوچ کیا۔

"یا"

جزو ب۔ دستر خوان پر کھچڑی نہ پا کر صاحب زادے بغیر کچھ کھائے پیے دستر خوان سے اٹھ گئے۔ اس کے بعد اس کو کسی نے نہیں دیکھا۔ البتہ کچھ عرصہ بعد اطلاع ملی کہ وہ ٹرین کے حادثہ میں ہلاک ہو گیا۔ اس بات کے عینی گواہ تھے مگر سکینہ بیگم کسی طرح سے اس بات کو ماننے پر رضامند نہ تھیں۔ اگر کوئی ایسی بات کہتا بھی تو اس کے پیچھے ہاتھ دھو کر پڑ جاتیں۔

سوال نمبر4۔ درج ذیل اجزاء میں سے کسی ایک جزو کی تشریح بحوالہ متن کیجئے:-

جزو الف۔

بدل کر کیا کریں گے ہم طریقے آج قدرت کے
ہمارے دامنوں پر ہاتھ کل ہوں گے مشیت کے
انھیں تسکین ہے پہلی لکیروں کی فقیری میں
یہ کھوئے ہوئے ہیں تمنا کی ضعیفی اور پیری میں

"یا"

جزو ب۔

چارہ سازوں سے الگ ہے میرا معیار کہ میں
زخم کھاؤں گا تو کچھ اور سنور جاؤں گا
زندگی شمع کی مانند جلاتا ہوں (تخلص)
بجھ تو جاؤں گا مگر صبح کر جاؤں گا

سوال نمبر5۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں:

الف۔ فرقہ واریت۔ ایک فساد ہے

ب۔ بے ہنگم ٹریفک اور اس کا حل

ج۔ مخلوط طرز تعلیم۔ مفید یا غیر مفید